سپورٹس بورڈ پنجاب

پریس ریلیز

# سپورٹس بورڈ پنجاب اور ایس او ایس ویلیج انتظامیہ کے درمیان بچوں کو فری سوئمنگ سہولیات مہیا کرنے کا معاہدہ طے پا گیا

# سپورٹس بورڈ کی جانب سے نادار اور یتیم بچوں کو جدید سوئمنگ پول میں کوچنگ اور دیگر سہولیات مہیا کی جائیں گی

لاہور(پ ر) 25 جولائی 2017ء۔ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب ذوالفقار احمد گھمن نے کہا ہے کہ یتیم اور نادار کھلاڑیوں کو سٹیٹ آف دی آرٹ پنجاب انٹرنیشنل سوئمنگ کمپلیکس پر فری سوئمنگ کی سہولت دی جائے گی جس کے لئے ایس او ایس ویلیج انتظامیہ سے معاہدہ پر دستخط کئے گئے ہیں،ان کھلاڑیوں کو سوئمنگ ڈریس اور دیگر سہولیات بھی مفت فراہم کی جائیں گی تاکہ یہ بچے بھی کھیلوں میں آگے بڑھ سکیں۔ان خیالات کا اظہار ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب ذوالفقار احمد گھمن نے ایس او ایس ویلیج کی انتظامیہ کے ساتھ معاہدہ کے لئے نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں منعقدہ تقریب میں کیا۔سپورٹس بورڈ کی جانب سے ڈائریکٹر سپورٹس انیس شیخ جبکہ ایس او ایس ویلیج کی جانب سے چیئرپرسن لبنیٰ لاشاری نے معاہدے پر دستخط کئے۔اس موقع پر سیکرٹری سپورٹس پنجاب نیر اقبال،ڈائریکٹر ایڈمن جاوید رشید چوہان،سابق صدر ہاکی فیڈریشن چوہدری اختر رسول،سابق کرکٹر انتخاب عالم،ڈائریکٹر پی ایچ ایف ڈویلپمنٹ نوید عالم بھی موجود تھے۔ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب ذوالفقار احمد گھمن نے کہا کہ سپورٹس پر یتیموں اور ناداروں کا بھی اتنا ہی حق ہے جتنا معاشرہ کے دیگر لوگوں کا ہے۔سپورٹس بورڈ پنجاب انہیں سہولیات کی فراہمی پر عمل پیرا ہے۔اس موقع پر ایس او ایس کی چیئرپرسن لبنیٰ لاشاری نے ڈی جی سپورٹس پنجاب کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ انہوں نے نادار اور یتیم بچوں کو سوئمنگ کی فری سولیات مہیا کر کے ان کے دل جیت لئے ہیں۔انہوں نے توقع ظاہر کی کہ سپورٹس بورڈ پنجاب کی جانب سے تربیت کے بعد ان بچوں میں سے قومی چیمپئن سامنے آئیں گے۔